# منصب کے امور اور اہلیت
(Job Description & Specification)

| JOB/SMC/01 | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| **کام کرنے کی جگہ**(Workplace) | پاکستان | **شعبہ**(Department) | مدنی کورسز |
| **منصب**(Designation) | نگران مجلس | **جوابدہ**(Report to) | رکن شوریٰ |
| **کام**(Function) | عاشقانِ رسول کی شرعی، اخلاقی اور تنظیمی تربیت کے مختلف کورسز کروانا | **ماتحت اسٹاف** (Subordinate Staff) | شعبے کے تمام ذمہ داران |

## منصب کے کام - Job Description

1. شعبے کے تمام کاموں کی نگرانی (Supervision) کرنا اور رکنِ شوریٰ کو مکمل معاونت (Help) و معلومات فراہم کرنا۔
2. شعبے کیلئے اہل، تجربہ کار، تنظیمی طور پر مضبوط مجلس بنانا، اہل ذمہ داران کا تقرر کرنا اور انکی مؤثر رہنمائی کے ذریعے ان سے کام لینا نیز تقرری کا ہر ماہ جائزہ لینا۔
3. جدول سافٹ ویئر میں پیشگی و عملی جدول انٹر کرنا، پیشگی جدول بنانے میں ماتحتوں کی رہنمائی کرنا اور جدول چیک کرنا۔
4. طے شدہ نظام کے مطابق مدنی مشورے کرنا، مدنی مشوروں میں تیاری کیساتھ اول تا آخر شرکت کرنا اور طے ہونے والے مدنی پھولوں کے اَہداف مکمل کرنا/کروانا۔
5. ذمہ داران کی مشاورت سے کورسز کے لیے مقامات طے کرنا۔
6. کورسز کے مقامات کے تعلیمی و انتظامی معاملات (قیام و طعام وغیرہ) کی چیکنگ طے شدہ جائزہ فارم کے ذریعے کروانا۔
7. بالخصوص مقامی علاقے اور بالعموم قریب کے تمام شہروں میں اسلامی بھائیوں کو تیار کرنے کے لیے مختلف ذرائع سے تشہیر (Advertisement) کرنا/کروانا۔
8. بڑی راتوں، ایونٹس، ہفتہ وار اجتماعات، درس و بیان اور مدنی مشوروں کے موقع پر متعلقہ علاقے میں ہونے والے کورسز کے اعلانات کروانا۔
9. مختلف کورسز (فیضان نماز کورس، 12 دینی کام کورس، اصلاح اعمال کورس، مدنی تربیتی کورس) کروانے کے لیے معلّمین تیار کروانا۔
10. نیو داخلے، طلباء و معلّمین نیز کورسز کے جدول اور نصاب وغیرہ سے متعلقہ تمام معاملات طے شدہ طریقہ کار کے مطابق کرنا/کروانا۔
11. معلّمین و طلباءِ کرام کی اصلاح کے لیے وقتاً فوقتاً تربیتی سیشنز کروانا۔
12. بااثر افراد کے گھروں اور دفاتر میں مدنی حلقے لگانا نیز انہیں دعوتِ اسلامی کی دینی خدمات سے آگاہ کرنا/کروانا۔
13. شعبے کے جملہ امور کی تکمیل و ترقی کے لیے پلاننگ کرنا نیز اس کا شرعی و تنظیمی رہنمائی اور مشاورت کیساتھ نفاذ کرنا/کروانا۔
14. شعبے کے ایس او پیز، جاب ڈسکرپشنز کا مطالعہ کرنا، کے پی آئیز سمجھنا/سمجھانا نیز تنظیمی معلومات و اپڈیٹس سے آگاہ رہنا۔
15. اپنے ماتحت ذمہ داران کے ایچ آر (اجارہ) اور فنانس کے معاملات نیز شعبے سے متعلقہ موصول ہونے والی شکایات و تجاویز کو حل کرنا/کروانا۔
16. شعبے سے متعلقہ تمام ریکارڈ اپڈیٹ رکھنا/رکھوانا اور طے شدہ کارکردگیاں چیک کرنا نیز مینول/سافٹ ویئر میں درست اور بروقت انٹر کروانا۔
17. ای میلز، واٹس ایپ، کالز، میسجز چیک کرنا اور بروقت ریپلائی کرنا نیز منصب کے مطابق نگران کی طرف سے ملنے والے کام بروقت مکمل کرنا/کروانا۔
18. شعبے میں شرعی رہنمائی کے لیے مقرر ذمہ دار کے ذریعے ماتحت افراد اور شعبے سے متعلق مسائل کی شرعی رہنمائی لینا۔

## منصب کی اہلیت - Job specification

- **دنیاوی تعلیم**: میٹرک/انٹر　　**دینی تعلیم**: ناظرہ (درس نظامی کو ترجیح ہوگی)
- **کورسز**: اذکارِ نماز و مسائل نماز ٹیسٹ پاس ہو + اصلاح اعمال و قافلہ کورس کیا ہو۔
- **تجربہ**: متعلقہ شعبے میں کم از کم 10 سے 12 سال کا تجربہ ہو۔
- Public speaking, Time management, Counselling, Decision making, Leadership, People Management, Communication Skill, Adaptability & Flexibility, Conceptual Skills, Problem solving

**اپنی دنیا اور آخرت کو بہتر کرنے اور دعوتِ اسلامی کے دینی ماحول میں استقامت پانے کے لیے درجہ ذیل امور پر عمل کی کوشش فرمائیں۔**

- روزانہ 2 گھنٹے 12 دینی کاموں بالخصوص قافلہ، مدنی مذاکرہ، نیک اعمال، ہفتہ وار اجتماع اور بڑی راتوں کے اجتماعات میں شرکت فرمائیں نیز ماتحت ذمہ داران کو بھی ترغیب دلائیں۔
- سنت کے مطابق لباس، داڑھی، زلفیں اور سفید عمامہ وغیرہ اپنائیں۔
- اپنے متعلقہ فرض علوم سیکھیں اور اپنے تحت ذمہ داران کو اسکا ذہن دیں۔
- شعبے کو خود کفیل کرنے کیلئے دیئے گئے (رمضان عطیات، ٹیلی تھون اور قربانی کی کھالیں وغیرہ کے) اہداف مکمل کرنے کی کوشش کریں۔
- عاشقانِ رسول (شخصیات) کے بچوں کا جامعۃ المدینہ، مدرسۃ المدینہ، دار المدینہ، فیضان آن لائن اکیڈمی اور فیضان اسلامک اسکول سسٹم میں داخلہ کروائیں۔
- غمی خوشی کے مواقع (عیادت، تعزیت، کفن دفن اور شادی وغیرہ) میں شرکت نیز وقتاً فوقتاً علماء و مشائخ اور دنیاوی بااثر افراد سے ملاقات کریں۔
- شخصیات کو دعوت اسلامی کے اداروں (جامعۃ المدینہ، مدرسۃ المدینہ، دار المدینہ، دار الافتاء اہلسنت، فیضانِ مدینہ) کا وزٹ کروائیں۔
- مکتبۃ المدینہ کی طرف سے شائع کردہ امیر اہلسنت کی تصنیف شدہ اور المدینۃ العلمیہ کی تیار شدہ دیگر کتب و رسائل عاشقانِ رسول میں تقسیم کریں۔